# نیسلے پاکستان اور میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد کے زیر اہتمام اسلام آباد میں شجرکاری مہم کا آغاز

اسلام آباد: 21 ستمبر، 2020

نیسلے پاکستان نے وفاقی دارالحکومت میں مون سون شجرکاری شروع کرنے کیلئے میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد کو 5 ہزار درخت عطیہ کیے ہیں۔

نیسلے پاکستان کی طرف سے شجرکاری مہم کا مقصد وزیراعظم کے کلین گرین پروگرام کے مطابق ماحول کی بہتری کے کلچر کو فروغ دینا ہے۔ شجرکاری نہ صرف کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرنے کا باعث بنتی ہے بلکہ جنگلات میں اضافہ اور لوگوں کی زندگی پر مثبت اثر ڈالنے کا بھی باعث ہے۔ شجرکاری نہ صرف انحطاط پذیر حیاتیاتی تنوع کو تحفظ بلکہ زیرزمین پانی کو محفوظ کرنے میں مدد و معاون ہوتی ہے ۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے فاطمہ اختر احمد، مینیجر پبلک افیئرز، نیسلے پاکستان نے کہا ''شجرکاری مہم نیسلے پاکستان کے مشترکہ اقدار اور پائیداراریت پیدا کرنے کے فلسفے کے مطابق ہے جس کا مقصد منظم طریقے سے آپریشنز کے باعث ماحول پر پڑنے والے اثرات کو کم کرنا ہے۔

شیخ انصر عزیز، میئر اسلام آباد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ''میں اسلام آباد میں شجرکاری مہم کو فروغ دینے کی ہماری کوششوں کی گزشتہ کئی برسوں سے مسلسل حمایت پر نیسلے پاکستان کا شکر گزار ہوں۔ نیسلے پاکستان کی طرف سے درختوں کا عطیہ کلین گرین پاکستان کیلئے ان کے عزم کا عکاس ہے۔

نیسلے پاکستان نے رواں سال ملازمین کے رضاکارانہ عالمی پروگرام نیسلے کیئرز کے تحت لاہور میں مون شجرکاری مہم کا آغاز کیا تھا۔ شجرکاری مہم کا دائرہ کار تمام آپریشنل ایریاز تک بڑھایا جائے گا۔ یہ پروگرام زمین پر پینے کے صاف پانی، صفائی ستھرائی اور زندگی کے بارے میں اقوام متحدہ کے ترقی کے پائیدار اہداف (ایس ڈی جیز) کے مطابق ہیں۔

جنگلات میں اضافہ کیلئے اس طرح کے پروگرام نیسلے کے موجودہ اقدامات کے تحت اٹھائے جاتے ہیں جن کا مقصد موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے درختوں کی کٹائی کو روکنا ہے۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔ نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیاز زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پرعزم ہے۔ نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں

محمد راحت حسین

مینیجر پبلک افیئرز، نیسلے پاکستان

muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com